نوٹ: کل چھ سوال حل کریں سوال نمبر 10 لازمی ہے اس کے 10 نمبر ہیں باقی ہر سوال کے 18 نمبر ہیں۔

سوال ١: سائنس کیا ہے؟ سائنس کی اہم شاخوں کے نام لکھئے اور ان کی تشریح کیجئے۔

سوال ٢: حیوانی خلیہ کی شکل بنا کر خلیہ کے مختلف حصے بیان کیجئے۔

سوال ٣: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو کا فرق بیان کریں۔

(١) الفاریز اور بیٹاریز (٢) چکنائی اور لحمیات

(٣) اے بایوٹکس اور بایوٹکس (٤) حیوانی خلیہ اور نباتاتی خلیہ

سوال ٤: انسانی غذا کے بڑے بڑے اجزاء کون کون سے ہیں ان میں سے ہر ایک کی انسانی جسم کیلئے اہمیت بیان کریں۔

سوال ٥: مندرجہ ذیل میں کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(١) نائٹروجنی چکر (٢) پاکستان کے فضائی پروگرام

(٣) پاکستان میں سائنس اور ٹیکنالوجی (٤) قانون بقائے توانائی

سوال ٦: نیوکلیائی شعاعوں کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟ ہر قسم کو مختصراً بیان کریں۔

سوال ٦: کمپیوٹر کے بنیادی حصے تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال ٧: موجودہ دور کی صنعتی پیداوار میں سائنس کا کیا کردار ہے؟

سوال ٨: پاکستان کے خلائی پروگرام پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال ٩: کسی بھی دو پر مختصر نوٹ لکھئے۔ (i) سائنس کی شاخیں (ii) کیمیائی کھاد (iii) خسرہ

سوال ١٠: خالی جگہیں پر کیجئے (لازمی سوال)

(i) ڈاکٹر عبدالسلام کو .... میں نوبل انعام دیا گیا۔

(ii) محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے ریاضی پر اہم کتاب .... لکھی۔

(iii) گریفائٹ .... کی بہروپی شکل ہے۔

(iv) .... ایک آفاقی محلل ہے۔

(v) گوشت، دودھ اور مچھلی ہمارے جسم کو .... فراہم کرتے ہیں۔